# علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی، اسلام آباد

## (شعبۂ اُردو)

## وارننگ

**عزیز طلبہ! آپ یہ بات ذہن نشین کر لیں کہ**

-1 **اگر آپ اپنی امتحانی مشق میں کسی اور کی تحریر میں سے مواد چوری کر کے لکھیں گے یا آپ اپنی امتحانی مشق کسی دوسرے طالب علم سے لکھوائیں گے تو آپ سرٹیفکیٹ یا ڈگری سے محروم ہو سکتے ہیں، خواہ اس کا علم کسی بھی مرحلے پر ہو جائے۔**

-2 **کسی دوسرے سے ادھار لی گئی یا چوری کی گئی امتحانی مشق پر علامہ اقبال اوپن یونیورسٹی اسلام آباد کی "مواد کی چوری" Plagiarism پالیسی کے مطابق سزا دی جائے گی۔**

کورس: بیان و بدیع و عروض (9014) سمسٹر: خزاں، 2026ء

سطح: بی ایس اُردو

### (ہدایت نامہ برائے طلبہ)

براہ مہربانی امتحانی مشقیں حل کرنے سے پہلے درج ذیل ہدایات کو غور سے پڑھیے۔ (ہدایات برائے طلبہ ایسوسی ایٹ ڈگری، بی ایس، بی ایڈ، ایم اے، ایم ایس سی، ایم ایڈ، ایم فل اور پی ایچ ڈی)

1۔ تمام سوالات لازمی ہیں اور تمام سوالات کے نمبر مساوی ہیں، البتہ سوال کی نوعیت کے مطابق نمبر تقسیم ہوں گے۔

2۔ سوالات کو توجہ سے پڑھیے اور سوال کے تقاضے کے مطابق جواب تحریر کیجیے۔

3۔ ہاتھ سے تحریر شدہ یا سکین امتحانی مشقیں قبول نہیں کی جائیں گی۔

4۔ ٹائپ کی گئی امتحانی مشقیں (PDF یا Word فارمیٹ) میں LMS پر بروقت یا مقررہ تاریخ سے قبل اپ لوڈ کریں۔

5۔ مقررہ تاریخ کے بعد/ تاخیر کی صورت میں امتحانی مشقیں اپ لوڈ نہ ہو سکیں گی، جس کا ذمہ دار طالب علم ہی ہوگا۔

6۔ آپ کے تجزیاتی اور تنقیدی طرزِ تحریر کی قدر افزائی کی جائے گی۔

7۔ غیر متعلقہ بحث/ معلومات اور کتب، سٹڈی گائیڈ یا دیگر مطالعاتی مواد سے ہو بہو نقل کرنے سے اجتناب کیجیے۔

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

# امتحانی مشق نمبر 1

## (یونٹ: 1 تا 5)

سوال نمبر 1 علمِ بیان کا لغوی اور اصطلاحی مفہوم بیان کرتے ہوئے اس کی ضرورت اور اہمیت پر نوٹ تحریر کریں۔ (20)

سوال نمبر 2 استعارہ سے کیا مراد ہے؟ استعارے کے ارکان کی وضاحت مثالیں دے کر کریں۔ (20)

سوال نمبر 3 مجازِ مرسل کی مختلف اقسام کا جامع تعارف کرائیں اور مثالیں دے کر واضح کریں۔ (20)

سوال نمبر 4 کیا تعریض، تلویح اور رمز کنائے کی مختلف اقسام ہیں یا ان کی الگ حیثیت ہے؟ (20)

سوال نمبر 5 صنعتِ اشتقاق اور صنعتِ شبہ اشتقاق کے بارے میں آپ کیا جانتے ہیں؟ مثالیں دے کر واضح کریں۔ (20)

# امتحانی مشق نمبر 2

(یونٹ: 6 تا 9)

کل نمبر: 100 کامیابی کے نمبر: 50

سوال نمبر 1 علمِ عروض سے کیا مراد ہے؟ اس کا لغوی اور اصطلاحی مفہوم بیان کریں۔ (20)

سوال نمبر 2 مفرد اور مرکب بحروں میں کیا فرق ہے؟ دونوں کی چار چار مثالیں دیں۔ (20)

سوال نمبر 3 حقیقی اور غیر حقیقی تقطیع میں کیا فرق ہے؟ مثالوں کی مدد سے وضاحت کریں۔ (20)

سوال نمبر 4 ملفوظی اور مکتوبی حروف سے کیا مراد ہے؟ علمِ عروض میں ان کی اہمیت پر نوٹ لکھیں۔ (20)

سوال نمبر 5 بحر کامل مثمن سالم کا تعارف کرائیں اور اس بحر میں لکھے گئے تین اشعار کی تقطیع کریں۔ (20)